D.El.Ed/I Sem/DLED101CCT/Dec 2017

دسمبر 2017 | D.El.Ed Regular (ڈی۔ایل۔ایڈ (ریگولر | پہلا سمسٹر I Semester

پرچہ : بچپن، بچوں کی نشوونما اور اکتساب

Paper- DLED101CCT : Childhood, Child Development and Learning

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) Solitary Play سے مراد

(a) سولٹیئر کی کھیل کھیلنا (b) جوڑوں میں کھیلنا (c) چھوٹے گروپوں میں کھیلنا (d) تنہائی میں کھیلنا

(ii) بچے کس عمر میں Cooperative Play میں حصہ لیتے ہیں۔

(a) 2-3 سال (b) 4-5 (c) 5-6 (d) 7-8 سال

(iii) زبان کے استعمال اور اشاروں کی شناخت میں دشواری کہلاتا ہے۔

(a) Dysgraphia (b) Dyslexia (c) Dyspraxia (d) Aphasia

(iv) دوستوں کے ساتھ مل کر رہنے کی خواہش بچوں میں کس دور میں پیدا ہوتی ہے۔

(a) شیرخوارگی (b) ابتدائی بچپن (c) عنفوان شباب (d) بچپن

(v) ''ذہنی عمر'' کے تصور کو سب سے پہلے پیش کرنے والا

(a) اسٹرن (b) الفرڈ بینے (c) گلفورڈ (d) اسٹین فورڈ

(vi) اگر 25 سال کے لڑکے کی ذہنی عمر 16 سال ہو تو اس کا IQ ہوگا۔

(a 64 (b) 100 (c) 75 (d) 80

(vii) خاندان کے بعد فرد کی شخصیت سازی پر کس کا انحصار زیادہ ہوتا ہے۔

(a) تنظیم (b) اسکول (c) دوست (d) رشتہ دار

P.T.O.

(viii) بچوں کے نشو ونما کے مراحل جیسے شیرخوارگی بچپن، بلوغیت وغیرہ کے بارے میں گہرا مشاہدہ کرنے والا۔

(a) گالٹن (b) واٹسن (c) پیاجے (d) اسٹینلی ہل

(ix) پیاجے کے مطابق مقرن عملیت کا درجہ (Concrete Operational Stage) کی مدت۔

(a) 11-7 سال (b) 7-2 سال (c) 2-0 سال (d) 15-11 سال

(x) کسی فرد میں اکتساب اور تجربات کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔

(a) شخصیت (b) تصورات (c) رجحانات (d) تخلیقی صلاحیت

حصہ دوم

2) سماجیانہ کے اہم عوامل (Socialization Agents) کے بارے میں بیان کریں۔

3) بچہ مزدوری (Child Labour) پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

4) نمو (Growth) اور نشو ونما (Development) میں فرق کو واضح کیجیے۔

5) بچوں کی پرورش (Child Rearing Practice) کا سب سے بہترین طریقہ کون سا ہے اور کیوں؟ بحث کیجیے۔

6) استقرائی تفکر (Inductive Thinking) اور استخراجی تفکر (Deductive Thinking) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

7) تصوراتی خاکہ (Concept Mapping) کیا ہے؟ ایک مثال کے ذریعہ اس کے استعمال کی وضاحت کیجیے۔

8) تجرباتی اکتساب (Experiential Learning) پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

9) اکتسابی کمزوری (Learning Disability) سے کیا مراد ہے؟ کیا کسی بچہ کی ذہانت اور اکتسابی صلاحیت میں کوئی تعلق پایا جاتا ہے؟

حصہ سوم

10) اکتساب (Learning) سے کیا مراد ہے؟ اکتساب پر اثر انداز ہونے والے عوامل کو مختصراً سمجھائیے۔

11) بچپن میں لسانی (Language) اور وقوفی (Cognitive) نشو ونما کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

12) ذہانت (Intelligence) سے کیا مراد ہے؟ گارڈنر کے مطابق ذہانت کی مختلف اقسام اور ان کی تعلیمی افادیت کو بیان کیجیے۔

13) بچوں کے اندر تصور کی تشکیل (Concept Formation) کیسے ہوتی ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

14) اکتسابی معذور طلبہ (Learning Disabled) کی خصوصیات بیان کیجیے اور ان کی تعلیم کے اقدامات کا مختصراً جائزہ لیجیے۔

☆☆☆